پریس ریلیز

گوجرانوالہ 07اگست 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر عادل ندیم نے کہا کہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ نوجوان نسل کو تعلیم کے ساتھ ساتھ انٹر پنیور شپ کی طرف راغب ہو رہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گفٹ یونیورسٹی کے طلباء وطالبات کی طرف سے مقامی ہوٹل میں لگائی جانے والی تین روزہ سفاڈا ڈگری شو 2023 جس میں فیشن ڈیزائن ،ملبوسات ،انٹریئر ڈیزائن ،گرافکس ودیگر مصنوعات لگائی گئیں تھی کا وزٹ کرتے ہوئے کیا۔گوجرانوالہ چونکہ SME کا حب ہے یہاں کے طلباء وطالبات کے پاس انٹر پنیور شپ کے زیادہ چانسز ہیں اور پروفیکٹ آئیڈیا کے ساتھ ساتھ بہترین مارکیٹنگ سے کم پیسوں سے بھی کاروبار کیا جاسکتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ ہمیں اپنی نوجوان نسل کو تعلیمی کے ساتھ ساتھ انٹر پنیو شپ کی طرف راغب کرنا وقت کی اشد ضرورت ہے۔نوجوان نسل ہمارے ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں میری تمام ایسے پڑھے لکھے نوجوانوں سے اپیل ہے کہ ملازمت تلاش کرنے میں اپنا وقت ضایع کرنے کی بجائے انٹر پنیور شپ کیطرف توجہ دیں۔انہوں نے کہا جسطرح گوجرانوالہ ہنرمندوں کا شہر ہے یہاں نوجوان نسل کیلئے انٹر پنیور شپ کے بے شمار مواقع موجود ہیں۔انہوں نے سفاڈا ڈگری شو 2023ء میں لگے تمام سٹالز کا تفصیلی معائنہ کیا اور طلباء کی کاوشوں کو خوب سراہا